## سوال

(47)قرآن پاک سے لڑکی کی شادی!

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

بعض لوگ اپنی بیٹیوں کی شادی دولت بچانے کی خاطر قرآن سے کردیتے ہیں ایسے لوگوں کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے کیا یہ لوگ ایسا کرنے سے اسلام سے خارج ہوجاتے ہیں یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قرآن کے ساتھ لڑکیوں کی شادی کرنا انتہائی باطل و مردود فعل ہے بلکہ قرآن و دین اسلام کے ساتھ تمسخر و مذاق ہے۔ اقامت حجت کے بعد بھی اگر کوئی اس کے جواز کا قائل ہے تو اس کا اسلام مشکوک ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

# ج2ص189

محدث فتویٰ